طور پر مگر صحیح صحیح آسان اُردو میں لکھے گئے ہیں درمیان میں جگہ جگہ موقع کے مناسب نظمیں بھی آگئی ہیں جن سے کتاب کی دلچسپی اور بڑھ گئی ہے۔

نماز | یہ رسالچہ بھی خالد صاحب کا لکھا ہوا ہے قیمت ۲ر ضخامت ۳۲ صفحات۔

اس میں نماز کے فضائل، ارکان و شرائط اور اس کی دعاؤں وغیرہ کا بیان ہے۔ فرائض، واجبات اور مستحبات و نوافل کو نقشہ کی شکل میں لکھا گیا ہے جس کا فائدہ یہ ہے کہ بچے انھیں آسانی سے یاد کر سکتے ہیں!!

رحمۃ للعالمین | ہندی ایڈیشن شائع کردہ ہندوستانی کتاب گھر۔ ناظر باغ کانپور۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ بڑی تقطیع قیمت درج نہیں۔

مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب مرحوم کی مشہور کتاب "رحمۃ للعالمین" (سوانح حیات حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) تین ضخیم جلدوں میں شائع ہو کر کافی مقبول ہو چکی ہے ضرورت تھی کہ ملک کی مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے شائع ہوتے۔

جمعیۃ تبلیغ الاسلام انبالہ (قبل از تقسیم ہند) نے اس ضرورت کو محسوس کر کے اس کا ہندی ترجمہ شروع کرایا تھا اور اب اس مقصد کی تکمیل انڈین یونین کی "جمعیۃ تبلیغ الاسلام کانپور" نے کی اور پہلی جلد کا ترجمہ شایع کیا ہے ہندی نوازی کے اس دور میں کتاب کے اس ہندی ایڈیشن سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اخلاق و عادات اور پاکیزہ زندگی سے ابناء وطن کے مستفیض ہونے میں تو کوئی شبہ ہی نہیں ہے البتہ ترجمہ میں جو زبان اختیار کی گئی ہے وہ صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقہ کے لئے تو مفید ہو سکتی ہے عام پڑھے لکھے لوگ اس سے کم فائدہ اٹھا سکیں گے۔

اس قسم کی اہم کتابوں کے ہندی میں منتقل کرنے کے ساتھ یہ ضرورت ذہن نشین رہنی چاہئے کہ ہندی عام فہم ہندی رہے سنسکرتی ہندی یا سنسکرت آمیز ہندی مقصد کے لئے مفید نہیں ہو سکتی اس سے تو صرف ایک مخصوص طبقہ ہی فائدہ اُٹھا سکتا ہے بقیہ دو جلدیں بھی جس قدر جلد شائع ہوں اچھا ہے۔